


# پری فزیبلیٹی تحقیق

## بے موسمی سبزیوں کی کاشتکاری (ھائی ٹنل)

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائز ز ڈویلپمنٹ اتھارٹی

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk


**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 456 111 111 42 92

فیکس 7-36304926 42 92

helpdesk@smeda.org.pk

**ریجنل آفس پنجاب**
بلڈنگ نمبر 3، فلور 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور
ٹیلی فون: 456-111-111 (042)
فیکس نمبر: 7-36304926 (0423)
helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**
بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی
ٹیلی فون: 456-111-111 (021)
فیکس نمبر: 35610572 (021)
helpdesk-sindh@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخوا**
گراؤنڈ فلور، سٹیٹ لائف بلڈنگ، دی مال، پشاور
ٹیلی فون: 47-9213046 (091)
فیکس نمبر: 5286908 (091)
helpdesk-khyberpakhtunkhawa@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**
بنگلو نمبر: 15-A، چمن ہاؤسنگ سکیم، ایئر پورٹ روڈ، کوئٹہ
ٹیلی فون: 2831623, 2831702 (081)
فیکس نمبر: 2831922 (081)
helpdesk-balochaistan@smeda.org.pk


**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے وزیر اعظم یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

| صفحہ نمبر | فہرست عنوانات | فہرست نمبر |
|---|---|---|
| 2 | اظہار لاتعلقی | 1 |
| 2 | دستاویز کا مقصد | 2 |
| 2 | سمیڈا کا تعارف | 3 |
| 2 | سکیم کا تعارف | 4 |
| 3 | اجمالی جائزہ | 5 |
| 3 | کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان | 6 |
| 4 | انتہائی قابل توجہ امور | 7 |
| 4 | ابتدائی و عملی استعداد | 8 |
| 4 | سرمایہ کاری کیلئے جغرافیائی مواقع | 9 |
| 4 | متوقع منڈیاں | 10 |
| 5 | پیداواری گردش عمل (پروڈکشن پروسس فلو) | 11 |
| 5 | ہائی ٹنل کی صراحتی تفصیل | 11.1 |
| 6 | ٹنل کی ساخت اور ڈھانچہ | 11.2 |
| 6 | منصوبے کی کل لاگت کا خلاصہ | 12 |
| 6 | معاشی کیفیت | 12.1 |
| 6 | درکار سرمایہ | 12.2 |
| 7 | کل لاگت کاروبار | 12.3 |
| 7 | درکار زمین | 12.4 |
| 8 | مشینری اور ٹنل فارم کی ساخت | 12.5 |
| 8 | درکار خام مال | 12.6 |
| 9 | درکار افرادی قوت | 12.7 |
| 9 | آمدن۔متوقع آمدن اور پیداوار | 12.8 |
| 10 | متفرق لاگتیں | 12.9 |
| 11 | ماہرین ومشیران | 13 |
| 12 | ضمیمہ جات | 14 |
| 12 | آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ) | 14.1 |
| 13 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 14.2 |
| 14 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو) | 14.3 |
| 15 | خام مال کا کھاتہ | 14.4 |
| 16 | آمدن کا کھاتہ | 14.5 |
| 17 | سودمند انتظامی تجاویز | 14.6 |
| 17 | کارآمد روابط | 14.7 |
| 18 | کلیدی مفروضے | 15 |


**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے وزیراعظم یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

## 1۔ اظہار لاتعلقی (DISCLAIMER)

یہ معلوماتی مواد اس کاروبار کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔ اگرچہ اس مواد کے لئے مختلف قابل اعتماد ذرائع سے معلومات لی گئی ہیں۔ البتہ اس میں کئی مفروضات بھی ہیں جو مختلف حالات میں مختلف نتائج دے سکتے ہیں۔ یہ معلومات جو ہے جیسے ہے کی بنیاد پر دی گئی ہیں جس میں سمیڈا، اس کے ملازمین یا عہدیداران معلومات کی صحت کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ البتہ اس کام کو کرتے ہوئے ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے۔

اضافی معلومات حاصل کرنے کے لئے ممکنہ سرمایہ کار کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کہ فیصلہ سازی کے عمل میں ضروری ہے۔ ممکنہ سرمایہ کار کو دی گئی معلومات پر عمل کرنے سے قبل مستند مشاورت کار یا ماہرین سے پیشہ ورانہ مشورہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

اس کاروبار سے متعلق تفصیلی رپورٹ SMEDA نے تیار کی ہے۔ SMEDA کی طرف سے خدمات اور متعلقہ معلومات کے حصول کے لئے SMEDA کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

## 2۔ دستاویز کا مقصد (PURPOSE OF THE DOCUMENT)

کاروبار کے ممکنہ امکانات کی تحقیق کا مقصد بنیادی طور پر اپنا کاروبار شروع کرنے والوں کے لئے سرمایہ کاری کے مناسب شعبوں کی نشاندہی ہے۔ اس پراجیکٹ کی پری فزیبلٹی کے ذریعے کسی کاروباری تصور کی وضاحت، اس کے آغاز، تکمیل اور متوقع منافع کے حصول کے لئے مناسب اور ضروری امور کی وضاحت اور احتیاطوں سے باخبر کرنا ہے۔

زیرنظر دستاویز میں بے موسمی سبزیوں کے ہائی ٹنل فارم کا کاروبار کرنے والوں کے لئے اس کی اجمالی معلومات مہیا کی گئی ہیں تا کہ وہ سرمایہ کاری میں نازک فیصلے کرتے ہوئے درست اقدامات کر سکیں۔

کاروبار کی ایسی اقسام ہیں جہاں پر لکھت پڑھت بہت کم یا بالکل نہیں ہوتی، عام طور سے لکھی ہوئی ہدایات میسر بھی نہیں ہیں۔ لہٰذا اس کام کے آغاز کے لئے زیادہ تحقیق کرنی پڑتی ہے۔ اس دستاویز میں یہی کاوش کی گئی ہے کہ ایسے کاروبار جن کا دارومدار چند خاص اصولوں کی پاسداری پر ہوتا ہے جیسے کہ موجودہ کامیاب کاروباریوں کی عادات کو اپنانا اور ان کاروباری امور کا خیال رکھنا جو ایک کامیاب کاروبار کرنے کے لئے غیر تحریری قانون کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس معلوماتی مواد کے بغور مطالعے کے ساتھ ساتھ قاری کو بعد ازاں فراہم کی جانے والی ان تنقیدی معلومات پر بھی نظر رکھنی چاہیے جو کسی بھی کاروباری سرمایہ کاری کی بنیاد ہیں۔

## 3۔ سمیڈا کا تعارف (INTRODUCTION TO SMEDA)

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائززڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) کا قیام اکتوبر 1998ء میں چھوٹے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کے تصور کی خاطر چھوٹے کاروباریوں کے قیام کے ذریعے سے تکمیل کے لئے عمل میں لایا گیا۔

چھوٹے کاروباروں کے فروغ، ان کی تعداد اور استعداد میں اضافے کے ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے شعبہ جاتی تحقیق کا کام کیا ہے جس میں چھوٹے کاروبار کا تعارف، ان کا طریقہ کار، سرمائے کے حصول کے مواقع، کاروبار جمانے کے لئے معلومات، منڈیوں اور صارفین تک رسائی وفراہمی، تکنیکی پلان مہیا کرنے، ادارہ جاتی تعاون اور نیٹ ورک کے ذریعے رابطہ شامل ہیں۔ وزیراعظم کے قرضہ سکیم کے تحت سمیڈا کاروبار شروع کرنے والوں کو فروغ کاروبار کی سہولیات بھی مہیا کر رہی ہے۔ جس میں متعلقہ شعبے کے ماہرین اور مشیران کا تعارف اور ان سے مشورہ کرنے کے مواقع فراہم کرنا شامل ہیں۔ اس کام کے لئے سمیڈا میں معلوماتی کاؤنٹرز قائم کئے گئے ہیں۔

## 4۔ سکیم کا تعارف (INTRODUCTION TO SCHEME)

وزیراعظم کی جانب سے نوجوانوں کے لئے قرضہ سکیم کا اجراء نوجوان کاروباری افراد کے لئے پانچ ارب روپے کی لاگت سے وزیراعظم کی جانب سے شروع کی گئی ''چھوٹے کاروباری قرضوں کی سکیم'' (Prime Minister Youth Bussiness Loan) برائے سال 14-2013ء کا مقصد نامزد کردہ مالیاتی اداروں کے ذریعے رواں

**نوٹ:** سمیڈا کی جانب سے وزیراعظم یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

سال میں ایک لاکھ افراد کو 8 فیصد مارک اپ پر قرضہ مہیا کرنا ہے اور ابتدائی طور پر کام نیشنل بینک آف پاکستان اور فرسٹ وویمن بینک لمیٹڈ کے ذریعے انجام دیا جائے گا۔
آٹھ سال تک کی معیاد کے لئے اور 10:90 تناسب کا قرضہ (Debt) اور ذاتی سرمایہ (Equity) کے ساتھ چھوٹے کاروباری قرضے پاکستان بھر میں SME مالکان کو دیئے جائیں گے جس میں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، گلگت بلتستان، آزاد جموں وکشمیر اور فاٹا کو متناسب نمائندگی دی جائے گی۔
روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور قومی آمدنی میں اضافے کے لئے چلنے والی اس سکیم کا مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے کی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔
سکیم کے تحت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے میں وسعت اور مقابلے کے رجحان کے لئے حکومت ہر ممکن معاونت فراہم کر رہی ہے۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو ترقی دینے کے ادارے SMEDA نے وزیر اعظم کی ہدایت پر پچاس سے زائد شعبوں کی نشاندہی کی ہے۔
تاہم سکیم کا دائرہ کار صرف انہی پچاس قسم کے کاروبار تک محدود نہیں ہے۔ کاروباری افراد کسی بھی بہتر منصوبے کی نشاندہی کر سکتے ہیں۔ SMEDA کاروبار کی منصوبہ بندی کیلئے ہر طرح کی تکنیکی رہنمائی فراہم کر رہا ہے اور اس سلسلے میں ادارے کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk سے استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## 5۔ اجمالی جائزہ (EXECUTIVE SUMMARY)

ملک بھر کی منڈیوں میں پورا سال سبزیوں کی بے حد طلب اور رسد کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ خاص طور پر موسمی سبزیوں کے سیزن کے آغاز اور اختتام پر یہ سبزیاں زیادہ قیمت پر فروخت ہوتی ہیں۔ ٹنل ٹیکنالوجی کے ذریعے سبزیوں کو ان کے موسم سے پہلے یا بعد میں مصنوعی طور پر اگانے سے کاشت کار زیادہ منافع حاصل کر سکتا ہے۔ اس ٹنل ٹیکنالوجی سے ایسی سبزیاں جن کی مارکیٹ میں زیادہ طلب ہو انہیں کنٹرولڈ درجہ حرارت اور نمی دے کر مصنوعی طریقے سے موسم سے پہلے یا بعد میں پیدا کیا جا سکتا ہے۔ سبزیاں اُگانے کے اس طریقے پر عمل کر کے کاشت کار سارا سال اپنے دستیاب وسائل کا بہتر استعمال کر کے اپنی آمدن میں قابل قدر اضافہ ممکن بنا سکتے ہیں۔
ٹنل فارمنگ کو اپنی بہتر پیداوار اور آمدن کی وجہ سے ملک بھر میں مقبولیت حاصل ہو رہی ہے اور صوبہ پنجاب کے شہروں فیصل آباد، گوجرانولہ، ماموں کانجن، اوکاڑہ اور ساہیوال میں عملی طور پر کاشتکار اس سے مستفیض ہو رہے ہیں۔ ہائی ٹنل ٹیکنالوجی کاشتکاری کے اس منصوبے میں تین سبزیوں، ٹماٹر، شملہ مرچ اور کھیرے کی کاشت کی تجویز ہے۔ اس منصوبے کے تحت زمین کی تیاری سے لے کر فصل پکنے تک 8 مہینے کا وقت درکار ہے۔
مجوزہ منصوبے کی کل لاگت تقریباً 1.16 ملین روپے ہے جس میں سے 0.32 ملین روپے اثاثہ جات کی خریداری کے لئے ہیں جبکہ 0.84 ملین روپے گردشی سرمایہ ہے۔ اس منصوبہ میں 90 فیصد قرضہ بینک سے جبکہ 10 فیصد ذاتی سرمایہ کے طور پر لگایا جائے گا۔ اس منصوبے کی موجودہ قدر حاصل (NPV) تقریباً 3.83 ملین روپے، اندرونی شرح منافع (IRR) 51 فیصد اور کل لاگت کی مدت واپسی (Payback) 2.14 سال ہوگی۔ اس منصوبے کی قانونی حیثیت واحد ملکیتی کاروبار کے طور پر فرض کی گئی ہے۔

## 6۔ کاروبار اور مصنوعات کا مختصر بیان (BRIEF DESCRIPTION OF PROJECT & PRODUCT)

یہ منصوبہ ابتدائی طور پر 2 ایکڑ رقبے پر شروع کیا جا سکتا ہے۔ جس کے تحت موسم کے علاوہ بھی ٹماٹر، سبز مرچ، کھیرے، بینگن، شملہ مرچ، ٹینڈے اور کریلا کاشت کیا جا سکتا ہے۔ تاہم ٹماٹر اور شملہ مرچ کی کاشت زیادہ قابل عمل ہے۔ 2 ایکڑ رقبے پر محیط ہائی ٹنل فارم سے کاشت کی گئی سبزیوں کی کئی گنا پیداوار حاصل ہوتی ہے۔
اس منصوبے میں ٹماٹر 1 ایکڑ پر کاشت کئے جائیں گے جن میں 14,000 ٹماٹر کے پودے لگائے جائیں گے جو تقریباً 70 ٹن پیداوار دیں گے۔ 1 ایکڑ پر شملہ مرچ کے 16,000 پودے لگائے جائیں گے جو تقریباً 32 ٹن پیداوار حاصل ہوگی۔ مجموعی طور پر 1 سال میں تقریباً 102 ٹن پیداوار حاصل کی جا سکتی ہے۔
یہ منصوبہ انفرادی یا شراکت داری کی سطح پر شروع کیا جا سکتا ہے۔ 4 افراد کو براہ راست روزگار کے مواقع حاصل ہوں گے جبکہ کچھ افراد کو اس یونٹ کے قیام سے جز وقتی روزگار بھی ملے گا۔

## 7۔ انتہائی قابلِ توجہ امور (CRITICAL FACTORS)

☆......زمین کی زرخیزی کا تجزیہ قبل از کاشت کر لینا۔

☆......بہتر بیجوں کا استعمال کرنا۔

☆......کاشت کاری کے موقع پر زمین کی تیاری کا خصوصی خیال رکھنا۔

☆......بیماریوں اور کیڑوں سے بچاؤ کے لئے دواؤں اور سپرے کا استعمال۔

☆......منافع بخش سبزیوں کو کاشت کے لئے منتخب کرنا۔

☆......ٹنل کے درجہ حرارت اور نمی کی سطح پر قابو رکھنا۔

☆......ضرورت کے وقت آبپاشی کرنا، کھاد ڈالنا اور گوڈی کرنا۔

☆......تمام احتیاطی تدابیر کا ریکارڈ رکھنا اور بوقتِ ضرورت زرعی ماہرین سے مشورہ۔

## 8۔ ابتدائی و عملی استعداد (INSTALLED & OPERATIONAL CAPACITIES)

اس منصوبہ سے سالانہ 70,000 کلوگرام ٹماٹر اور 32,000 کلوگرام شملہ مرچ حاصل کئے جاسکیں گے۔

**جدول نمبر 1: پیداواری و عملی استعداد**

| سبزیاں | رقبہ (ایکڑ) | یونٹ | تعداد | کل پیداوار کلوگرام |
|---|---|---|---|---|
| ٹماٹر | 1 | تعداد پودے | 14,000 | 70,000 |
| شملہ مرچ | 1 | تعداد پودے | 16,000 | 32,000 |

## 9۔ سرمایہ کاری کیلئے جغرافیائی مواقع (GEOGRAPHICAL POTENIAL FOR INVESTMENT)


ٹنل فارمنگ کو اپنی بہتر پیداوار اور آمدن کی وجہ سے ملک بھر میں مقبولیت حاصل ہو رہی ہے اور خصوصاً فیصل آباد، گوجرانولہ، ماموں کانجن، اوکاڑہ، ساہیوال، حیدرآباد، پشاور، مینگورہ، مانسہرہ، سکھر اور خیر پور میں عملی طور پر کاشتکار اس سے مستفیض ہو رہے ہیں۔

## 10۔ متوقع منڈیاں (POTENTIAL TARGET MARKETS)

کراچی، حیدرآباد، لاہور، گوجرانوالہ، ملتان، سیالکوٹ، فیصل آباد، گجرات، راولپنڈی، کوئٹہ اور پشاور جیسے شہروں میں بے موسمی سبزیوں کی بڑی مانگ ہے۔ اس منصوبے سے آنے والی پیداوار کی غیر ممالک میں بھی مانگ ہے۔

## 11۔ پیداواری گردشِ عمل (PRODUCTION PROCESS FLOW)

بے موسمی سبزیوں کی کاشت کیلئے درج ذیل مراحل درکار ہیں:




## 11.1۔ ہائی ٹنل کی صراحتی تفصیل (HIGH TUNNEL STRUCTURE SPECIFICATION)

ہائی ٹنل کی صراحتی تفصیل درج ذیل جدول میں بیان کی گئی ہے:

**جدول نمبر 2: ہائی ٹنل کی صراحتی تفصیل**

| صراحتی سٹینڈرڈ | میٹریل | بانس میٹریل |
|---|---|---|
| میٹریل کے سٹینڈرڈ | بانس | قطر 3-2 انچ لمبائی 8.5-20 ft |
| | پلاسٹک | 0.6 mm thick |
| ٹنل کے سٹینڈرڈ | اونچائی | 10فٹ |
| | چوڑائی | 30-32فٹ |
| | لمبائی | 200فٹ |
| | ٹنلز کی تعداد | 6فی ایکڑ |

اوپر بیان کی گئی صراحتی تفصیل کے مطابق درج میٹریل پر تقریباً 1 لاکھ 39 ہزار 7 سو روپے فی ایکڑ لاگت آئے گی۔ اس لاگت میں پلاسٹک کی شیٹ کی قیمت شامل نہیں ہے۔



## 11.2۔ ٹنل کی ساخت اور ڈھانچہ (SUPPORT STRUCTURE)

ہر ایکڑ میں اندازاً 6 ٹنلز لگائی جا سکتی ہیں جن میں ٹماٹر اور شملہ مرچ لگ سکتا ہے۔ ہر ٹنل تقریباً 200 فٹ لمبی 10 فٹ اونچی اور 30 سے 32 فٹ چوڑی ہوتی ہے۔ ٹنل کی بناوٹ میں 3-2 انچ قطر کے 8.5 سے 20 فٹ لمبے بانس لگائے جاتے ہیں۔ ہر بانس 10 سے 15 فٹ کے فاصلے پر لگایا جاتا ہے۔ ڈھانچہ بن جانے کے بعد ہر ڈھانچے کو 0.06 ملی میٹر موٹی پلاسٹک سے ڈھانپا جاتا ہے۔

## 12۔ منصوبے کی کل لاگت کا خلاصہ (PROJECT COST SUMMARY)

اس منصوبے کی منافع بخشی کو جانچنے کے لئے ایک تفصیلی فنانشل ماڈل تیار کیا گیا ہے۔ بنیادی مفروضات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مختلف لاگت اور محاصل کی جانچ پڑتال کے نتائج درج ذیل سیکشن میں دیئے گئے ہیں۔

متوقع آمدن کا گوشوارہ (Income Statement)، اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (Balance Sheet) اور گردشِ نقد کا گوشوارہ (Cash Flow) ضمیمہ جات کے طور پر آخر میں دیئے گئے ہیں۔

## 12.1۔ معاشی کیفیت (PROJECT ECONOMICS)

ایک ایک ایکڑ پر لگائے گئے ٹماٹر اور شملہ مرچ کے پودوں سے ایک محتاط اندازے کے مطابق 63 ٹن ٹماٹر اور 28.8 ٹن شملہ مرچ کو حاصل کیا جا سکتا ہے، علاوہ 10 فیصد ضائع کے۔ اس پری فیزیبلٹی میں تمام معاشی مفروضے اس پیداوار کو مدنظر رکھ کر بنائے گئے ہیں۔

مندرجہ ذیل جدول اندرونی شرح منافع، سرمائے کی مدت واپسی (Payback Period) اور موجودہ قدر حاصل (NPV) پیش کرتا ہے۔

**جدول نمبر 3: معاشی کیفیت**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع (IRR) | 51 فیصد |
| کل لاگت کی مدت واپسی (Payback) | 2.14 سال |
| موجودہ قدر حاصل (NPV) | 3,829,408 روپے |

اوپر دیئے گئے جدول میں تمام مالی اندازے اس پروجیکٹ کی انتظامی صلاحیتوں اور زرعی مصارف کے صحیح استعمال پر انحصار کرتے ہیں۔

## 12.2۔ درکار سرمایہ (PROJECT FINANCING)

مندرجہ ذیل دیا گیا جدول درکار سرمائے کی مد میں حاصل شدہ قرضہ اور ذاتی اثاثوں کی تقسیم بتاتا ہے:

**جدول نمبر 4: درکار سرمایہ**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| ذاتی سرمایہ (10 فیصد) | 116,340 روپے |
| بنک کا قرضہ (90 فیصد) | 1,047,060 روپے |
| قرضے پر سالانہ منافع | 8 فیصد |
| قرضے کا دورانیہ | 8 سال |
| رعائتی مدت | 1 سال |

## 12.3۔کُل لاگت کاروبار (PROJECT COST)

کاروبار کو چلانے کیلئے کُل سرمایہ کی مد میں تقریباً 22 لاکھ روپے خرچ کیے جائیں گے جبکہ مندرجہ ذیل جدول میں دیئے گئے اخراجات کی مکمل تقسیم بیان ہے:

**جدول نمبر 5: کل لاگت کاروبار**

| مندرجات | درکار لاگت (روپے) |
|---|---|
| مشینری اور آلات | 20,000 |
| ٹنل کا سامان | 279,400 |
| قبل از عمل لاگت | 20,000 |
| **کل مستقل لاگت** | **319,400** |
| **ابتدائی گردشی سرمایہ** | |
| درکار خام مال | |
| پلاسٹک شیٹ (سفید) | 115,000 |
| پلاسٹک ملچ | 14,400 |
| پودوں کی خرید | 134,000 |
| کھاد کا خرچہ | 82,600 |
| سپرے کا خرچہ | 100,000 |
| زمین کی تیاری | 25,000 |
| گوڈی | 7,000 |
| آب پاشی کے اخراجات | 9,000 |
| پیشگی کرایہ | 100,000 |
| نقد رقم | 257,000 |
| **کل گردشی سرمایہ** | **844,000** |
| **مجموعی کاروباری لاگت** | **1,163,400** |

## 12.4۔ درکار زمین (LAND REQUIREMENT)

تقریباً 2 ایکڑ زمین اس منصوبہ کے لئے تجویز کی گئی ہے جس کا سالانہ ٹھیکہ 100,000 روپے ہوگا۔

**جدول نمبر 6: درکار زمین**

| سبزیاں | زیر استعمال زمین (ایکڑ) | ٹھیکہ و مقاطعہ برائے ایکڑ (روپے) | کل لاگت برائے ٹھیکہ (روپے) |
|---|---|---|---|
| ٹماٹر | 1 | 50,000 | 50,000 |
| شملہ مرچ | 1 | 50,000 | 50,000 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| **100,000** | | **2** | **کل** |

## 12.5۔ مشینری اور ٹنل فارم کی ساخت (MACHINERY & TUNNEL FARM STRUCTURE)

اس منصوبہ کے استعمال کے لئے ضروری مشینری بشمول آلات واوزار مارکیٹ سے بآسانی خریدے جاسکتے ہیں جن کی تفصیل مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہے:

**جدول نمبر 7: مشینری فہرست**

| کل لاگت (روپے) | لاگت روپے (فی عدد) | تعداد | تبدیلی کا سال | مندرجات |
|---|---|---|---|---|
| 10,000 | 10,000 | 1 | 5 | زرعی آلات واوزار |
| 10,000 | 5,000 | 2 | 5 | سپرے مشین |
| **20,000** | | | | **کل** |

ہائی ٹنل سٹرکچر پر مشتمل مجوزہ منصوبے کیلئے درج ذیل اشیاء درکار ہوں گی۔

**جدول نمبر 8: ٹنل ساخت کی تفصیلات**

| کل لاگت روپے | فی کس قیمت (روپے) | تعداد برائے 2 ایکڑ | یونٹ/ایکڑ | تبدیلی سال | مندرجات |
|---|---|---|---|---|---|
| 237,600 | 110 | 2,160 | 1080 | 3 | بانس |
| 10,800 | 135 | 80 | 40 کلوگرام | 3 | تار (Gوائر) |
| 15,000 | 75 | 200 | 100 | 3 | تار کھنچائی کے اوزار |
| 16,000 | 8,000 | | | 3 | ساخت کی تنصیب |
| **279,400** | | | | | **کل لاگت** |

## 12.6۔ درکار خام مال (RAW MATERIAL RIQUIREMENTS)

درکار خام مال کی تفصیلات مندرجہ ذیل جدول میں بیان کی گئی ہیں:

**جدول نمبر 9: پودوں کی لاگت**

| کل لاگت روپے | فی کس قیمت (روپے) | تعداد پودے | رقبہ (ایکڑ) | سبزیاں |
|---|---|---|---|---|
| 70,000 | 5 | 14,000 | 1 | ٹماٹر |
| 64,000 | 4 | 16,000 | 1 | شملہ مرچ |
| **134,000** | | | | **کل پودوں کی لاگت** |

پودوں کے بیج کی خرید کے علاوہ سبزیوں کی کاشت کے لئے درکار خام مال کی تفصیل مندرجہ ذیل جدول میں بیان کی گئی ہیں۔

جدول نمبر **10**: متفرق درکار خام مال

| زرعی مصارف | یونٹ | تعداد فی ایکڑ | یونٹ ریٹ (روپے) | کل قیمت کھاد (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| CAN کین | بوری | 3 | 1,600 | 9,600 |
| Nitrophos نائٹروفاس | بوری | 5 | 2,500 | 25,000 |
| DAP ڈی اے پی | بوری | 3 | 3,750 | 22,500 |
| SOP ایس او پی | بوری | 3 | 4,250 | 25,500 |
| **کل** | | | | **82,600** |

## 12.7۔ درکار افرادی قوت (HUMAN RESOURCES REQUIREMENT)

اس منصوبہ کو چلانے کے لئے درج ذیل افرادی قوت کی ضرورت ہوگی۔

جدول نمبر **11**: درکار افرادی قوت (مستقل)

| مندرجات | ملازمین کی تعداد | ماہانہ تنخواہ | تنخواہ فی سیزن (روپے) |
|---|---|---|---|
| مالک یا منیجر | 1 | 20,000 | 160,000 |
| مستقل ملازمین | 3 | 12,000 | 252,000 |
| **کل تعداد سٹاف** | **4** | | **412,000** |

مالک یا منتظم کی تنخواہ سال میں 8 مہینے کے لئے دی جائے گی جبکہ مستقل ملازمین 7 ماہ اور عارضی ملازمین 3 ماہ کے لئے رکھے جائیں گے۔ ایک ماہ میں 1 ایکڑ سے تقریباً 5 مرتبہ سبزیاں توڑی جائیں گی۔ جز وقتی ملازمین کی مزدوری کی تفصیلات مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہیں۔

جدول **12**: درکار ملازمین (عارضی)

| مندرجات | تعداد | کل جز وقتی ملازمین (روپے) | کل۔ جز وقتی ملازمین کی مزدوری (روپے) |
|---|---|---|---|
| عارضی ملازمین | 5 | مرد: 250<br>خواتین: 250 | 37,500 |

سالانہ 10 فیصد تمام ملازمین کی تنخواہ میں اضافہ کیا جائے گا۔

## 12.8۔ آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (REVENUE GENERATION)

متوقع آمدن اور پیداواری تفصیل مندرجہ ذیل جدول میں بیان کی گئی ہیں۔

جدول نمبر **13**: متوقع پیداوار اور استعمال شدہ رقبہ

| سبزیاں | زیر استعمال رقبہ (ایکڑ) | قیمت فروخت روپے فی کلوگرام) | سال اول کا پیداوار (ضیائع کے بغیر) کلوگرام | آمدن برائے سال اول (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| ٹماٹر | 1 | 30 | 63,000 | 1,890,000 |
| شملہ مرچ | 1 | 22 | 28,800 | 633,600 |
| خالی کھاد کی بوری کی فروخت | | | | 280 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کل آمدن | | | | **2,523,880** |

یہ سبزیوں کی قیمت عام موسم میں ہوتی ہیں جو کہ غیر موسمی سبزیوں کا ایک تہائی ہے۔

**جدول نمبر 14: آمدن کے مفروضات**

| | |
|---|---|
| قیمت فروخت میں شرح اضافہ | 10 فیصد |
| شرح ضیاع | 10 فیصد |
| 1 سے 10 سال پیداواری استعداد کا استعمال | 100 فیصد |

## 12.9۔ متفرق لاگتیں (OTHER COSTS)

سبزیوں کو فارم سے منڈی تک لے جانے کیلئے ایک کلومیٹر 100 روپے کے حساب سے تقریباً 573,750 روپے خرچ آئے گا اور اسی طرح بجلی کے اخراجات 1 ہزار روپے ماہانہ کے حساب سے فرض کئے گئے ہیں۔

**جدول نمبر 15: متفرق لاگت کے مفروضات**

| | |
|---|---|
| زرعی اجناس کی ترسیل | |
| فی کلومیٹر لاگت | 100 روپے |
| کھیت سے منڈی کا فاصلہ | 125 کلومیٹر |
| لاگت فی آمدورفت | 12,500 روپے |
| وزن فی آمدورفت | 2 ٹن |
| تعداد آمدورفت | 46 |
| فی ایکڑ لاگت برائے کیڑے مار ادویات | 50,000 روپے |
| آبپاشی کے اخراجات | |
| آبپاشی کے لئے مہینوں کی تعداد | 7 |
| تعداد آبپاشی فی سیزن | 10 |
| آبپاشی کی لاگت فی ایکڑ | 450 روپے |
| فی ایکڑ لاگت برائے تیاری، بوائی اور سبز کھاد | 12,500 روپے |
| فی ایکڑ زمین کی تیاری (2 مرتبہ فی سیزن) | 1,750 روپے |
| اوسط فی کلو لاگت برائے پیکنگ | 1.23 روپے |

## 13۔ ماہرین ومشیران (CONTACT DETAILS OF EXPERTS & CONSULTANTS)

| | |
|---|---|
| **ڈاکٹرمحمد اسلم پرویز**<br>ڈائریکٹرانسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچر سائنسز<br>یونیورسٹی آف ایگریکلچر،فیصل آباد<br>فون:+92-41-9201281, 9200161<br>Ext: 2952 | **ڈاکٹرغلام جیلانی**<br>پرنسپل سائنٹیفک آفیسر(سبزیاں)<br>ہارٹیکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ،نیشل ایگریکلچر ریسرچ سنٹر<br>پارک روڈ،اسلام آباد<br>فون:+92-51-9255061, 9255012<br>فیکس:+92-51-9255034 |
| **ڈاکٹرمحمد انجم علی**<br>ڈائریکٹر جنرل(ایکسٹینشن)<br>ایگریکلچرڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف پنجاب<br>21ڈیوس روڈلاہور<br>فون:+92-42-99200732<br>فیکس:+92-42-99200743 | **چیف ایگزیکٹوآفیسر**<br>پاکستان ہارٹیکلچر ڈیویلپمنٹ اینڈ ایکسپورٹ کمپنی<br>30این،ماڈل ٹاؤن ایکسٹینشن،لاہور<br>فون:+92-42-99232210-17<br>فیکس:+92-42-99232220 |

## 14۔ ضمیمہ جات (ANNEXURES)

### 14.1۔آمدن کا گوشوارہ (INCOME STATEMENT)

| Income Statement | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Revenue | 2,523,880 | 2,776,268 | 3,053,895 | 3,359,284 | 3,695,213 | 4,064,734 | 4,471,207 | 4,918,328 | 5,410,161 | 5,951,177 |
| *Cost of sales* | | | | | | | | | | |
| Plastic Sheet (white) | 115,000 | 126,500 | 139,150 | 153,065 | 168,372 | 185,209 | 203,730 | 224,102 | 246,513 | 271,164 |
| Plastic Mulch | 14,400 | 15,840 | 17,424 | 19,166 | 21,083 | 23,191 | 25,510 | 28,062 | 30,868 | 33,954 |
| Plants expense | 134,000 | 147,400 | 162,140 | 178,354 | 196,189 | 215,808 | 237,389 | 261,128 | 287,241 | 315,965 |
| Fertilizer expense | 82,600 | 90,860 | 99,946 | 109,941 | 120,935 | 133,028 | 146,331 | 160,964 | 177,060 | 194,766 |
| Pesticide expense | 100,000 | 110,000 | 121,000 | 133,100 | 146,410 | 161,051 | 177,156 | 194,872 | 214,359 | 235,795 |
| Green Manuring and Land Preparation | 25,000 | 27,500 | 30,250 | 33,275 | 36,603 | 40,263 | 44,289 | 48,718 | 53,590 | 58,949 |
| Weeding | 7,000 | 7,700 | 8,470 | 9,317 | 10,249 | 11,274 | 12,401 | 13,641 | 15,005 | 16,506 |
| Irrigation expense | 9,000 | 9,180 | 9,364 | 9,551 | 9,742 | 9,937 | 10,135 | 10,338 | 10,545 | 10,756 |
| Direct labor | 289,500 | 318,450 | 350,295 | 385,325 | 423,857 | 466,243 | 512,867 | 564,154 | 620,569 | 682,626 |
| Transportation Cost from Farm to Market | 573,750 | 631,125 | 694,238 | 763,661 | 840,027 | 924,030 | 1,016,433 | 1,118,076 | 1,229,884 | 1,352,872 |
| Packing expense | 112,800 | 118,440 | 124,362 | 130,580 | 137,109 | 143,965 | 151,163 | 158,721 | 166,657 | 174,990 |
| Total cost of sales | 1,463,050 | 1,602,995 | 1,756,638 | 1,925,335 | 2,110,575 | 2,313,998 | 2,537,404 | 2,782,776 | 3,052,290 | 3,348,343 |
| Gross Profit | 1,060,830 | 1,173,273 | 1,297,257 | 1,433,950 | 1,584,638 | 1,750,736 | 1,933,803 | 2,135,552 | 2,357,871 | 2,602,834 |
| *General administration & selling expenses* | | | | | | | | | | |
| Administration expense | 160,000 | 176,000 | 193,600 | 212,960 | 234,256 | 257,682 | 283,450 | 311,795 | 342,974 | 377,272 |
| Land rental expense | 100,000 | 110,000 | 121,000 | 133,100 | 146,410 | 161,051 | 177,156 | 194,872 | 214,359 | 235,795 |
| Electricity expense | 6,000 | 6,600 | 7,260 | 7,986 | 8,785 | 9,663 | 10,629 | 11,692 | 12,862 | 14,148 |
| Travelling expense | 12,000 | 12,600 | 13,230 | 13,892 | 14,586 | 15,315 | 16,081 | 16,885 | 17,729 | 18,616 |
| Communications expense (phone, mail, etc.) | 12,000 | 12,600 | 13,230 | 13,892 | 14,586 | 15,315 | 16,081 | 16,885 | 17,729 | 18,616 |
| Misc. expenses | 9,600 | 10,560 | 11,616 | 12,778 | 14,055 | 15,461 | 17,007 | 18,708 | 20,578 | 22,636 |
| Vegetable Marketing expense | 126,194 | 138,813 | 152,695 | 167,964 | 184,761 | 203,237 | 223,560 | 245,916 | 270,508 | 297,559 |
| Depreciation expense | 95,133 | 95,133 | 95,133 | 109,813 | 109,813 | 112,366 | 129,360 | 129,360 | 129,360 | 149,033 |
| Amortization of pre-operating costs | 4,000 | 4,000 | 4,000 | 4,000 | 4,000 | - | - | - | - | - |
| Subtotal | 524,927 | 566,307 | 611,764 | 676,384 | 731,252 | 790,090 | 873,325 | 946,113 | 1,026,100 | 1,133,674 |
| Operating Income | 535,903 | 606,966 | 685,493 | 757,565 | 853,385 | 960,646 | 1,060,478 | 1,189,439 | 1,331,770 | 1,469,160 |
| Other income (interest on cash) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Earnings Before Interest & Taxes | 535,903 | 606,966 | 685,493 | 757,565 | 853,385 | 960,646 | 1,060,478 | 1,189,439 | 1,331,770 | 1,469,160 |
| Interest expense on long term debt (Project Loan) | 85,440 | 81,475 | 71,946 | 61,640 | 50,493 | 38,436 | 25,396 | 11,291 | - | - |
| Interest expense on long term debt (Working Capital Loan) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Subtotal | 85,440 | 81,475 | 71,946 | 61,640 | 50,493 | 38,436 | 25,396 | 11,291 | - | - |
| Earnings Before Tax | 450,463 | 525,491 | 613,546 | 695,925 | 802,892 | 922,210 | 1,035,082 | 1,178,148 | 1,331,770 | 1,469,160 |
| Tax | 45,069 | 56,324 | 69,532 | 81,889 | 97,934 | 115,831 | 132,762 | 154,222 | 177,265 | 197,874 |
| **NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX** | **405,393** | **469,168** | **544,014** | **614,036** | **704,959** | **806,379** | **902,320** | **1,023,926** | **1,154,505** | **1,271,286** |

## 14.2۔اثاثوں اورواجبات کا گوشوارہ (BALANCE SHEET)

| Balance Sheet | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| *Current assets* | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank | 257,000 | 644,895 | 1,083,797 | 1,265,718 | 1,849,746 | 2,495,173 | 2,887,733 | 3,760,779 | 4,750,947 | 5,635,233 | 8,596,852 |
| Accounts receivable | | 103,721 | 108,907 | 119,798 | 131,778 | 144,955 | 159,451 | 175,396 | 192,936 | 212,229 | 233,452 |
| Raw material inventory | 487,000 | 534,980 | 587,744 | 645,769 | 709,582 | 779,761 | 856,942 | 941,825 | 1,035,180 | 1,137,855 | 9,000 |
| Pre-paid land rent | 100,000 | 110,000 | 121,000 | 133,100 | 146,410 | 161,051 | 177,156 | 194,872 | 214,359 | 235,795 | - |
| Total Current Assets | 844,000 | 1,393,596 | 1,901,447 | 2,164,385 | 2,837,515 | 3,580,940 | 4,081,281 | 5,072,871 | 6,193,422 | 7,221,111 | 8,839,304 |
| | | | | | | | | | | | |
| *Fixed assets* | | | | | | | | | | | |
| Machinery & equipment | 20,000 | 18,000 | 16,000 | 14,000 | 12,000 | 35,526 | 30,973 | 26,421 | 21,868 | 17,315 | 12,763 |
| Tunnel equipment | 279,400 | 186,267 | 93,133 | 323,440 | 215,627 | 107,813 | 374,423 | 249,615 | 124,808 | 433,441 | 288,961 |
| Total Fixed Assets | 299,400 | 204,267 | 109,133 | 337,440 | 227,627 | 143,339 | 405,396 | 276,036 | 146,676 | 450,756 | 301,724 |
| | | | | | | | | | | | |
| *Intangible assets* | | | | | | | | | | | |
| Total Intangible Assets | 20,000 | 16,000 | 12,000 | 8,000 | 4,000 | - | - | - | - | - | - |
| **TOTAL ASSETS** | **1,163,400** | **1,613,863** | **2,022,581** | **2,509,825** | **3,069,142** | **3,724,279** | **4,486,677** | **5,348,907** | **6,340,098** | **7,671,868** | **9,141,028** |
| | | | | | | | | | | | |
| **Liabilities & Shareholders' Equity** | | | | | | | | | | | |
| *Current liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Total Current Liabilities | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| | | | | | | | | | | | |
| *Other liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Deferred tax | | 45,069 | 101,393 | 170,925 | 252,813 | 350,747 | 466,578 | 599,340 | 753,562 | 930,828 | 1,128,702 |
| Long term debt (Project Loan) | 1,047,060 | 1,047,060 | 930,287 | 803,985 | 667,377 | 519,622 | 359,810 | 186,957 | - | - | - |
| Long term debt (Working Capital Loan) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Long Term Liabilities | 1,047,060 | 1,092,129 | 1,031,680 | 974,910 | 920,190 | 870,369 | 826,388 | 786,298 | 753,562 | 930,828 | 1,128,702 |
| | | | | | | | | | | | |
| *Shareholders' equity* | | | | | | | | | | | |
| Paid-up capital | 116,340 | 116,340 | 116,340 | 116,340 | 116,340 | 116,340 | 116,340 | 116,340 | 116,340 | 116,340 | 116,340 |
| Retained earnings | | 405,393 | 874,561 | 1,418,575 | 2,032,612 | 2,737,570 | 3,543,949 | 4,446,269 | 5,470,195 | 6,624,700 | 7,895,986 |
| Total Equity | 116,340 | 521,733 | 990,901 | 1,534,915 | 2,148,952 | 2,853,910 | 3,660,289 | 4,562,609 | 5,586,535 | 6,741,040 | 8,012,326 |
| **TOTAL CAPITAL AND LIABILITIES** | **1,163,400** | **1,613,863** | **2,022,581** | **2,509,825** | **3,069,142** | **3,724,279** | **4,486,677** | **5,348,907** | **6,340,098** | **7,671,868** | **9,141,028** |

## 14.3۔گردشِ نقد کا گوشوارہ (CASH FLOW STATEMENT)

| Cash Flow Statement | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| *Operating activities* | | | | | | | | | | | |
| Net profit | | 405,393 | 469,168 | 544,014 | 614,036 | 704,959 | 806,379 | 902,320 | 1,023,926 | 1,154,505 | 1,271,286 |
| Add: depreciation expense | | 95,133 | 95,133 | 95,133 | 109,813 | 109,813 | 112,366 | 129,360 | 129,360 | 129,360 | 149,033 |
| Deferred income tax | | 45,069 | 56,324 | 69,532 | 81,889 | 97,934 | 115,831 | 132,762 | 154,222 | 177,265 | 197,874 |
| Accounts receivable | | (103,721) | (5,186) | (10,891) | (11,980) | (13,178) | (14,496) | (15,945) | (17,540) | (19,294) | (21,223) |
| Raw material inventory | (487,000) | (47,980) | (52,764) | (58,025) | (63,813) | (70,179) | (77,181) | (84,883) | (93,355) | (102,674) | 1,128,855 |
| Pre-paid land rent | (100,000) | (10,000) | (11,000) | (12,100) | (13,310) | (14,641) | (16,105) | (17,716) | (19,487) | (21,436) | 235,795 |
| Cash provided by operations | (587,000) | 387,895 | 555,675 | 631,664 | 720,636 | 818,708 | 926,794 | 1,045,898 | 1,177,126 | 1,317,727 | 2,961,620 |
| *Financing activities* | | | | | | | | | | | |
| Project Loan - principal repayment | | - | (116,773) | (126,302) | (136,608) | (147,755) | (159,812) | (172,853) | (186,957) | - | - |
| Working Capital Loan - principal repayment | | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Project Loan | 1,047,060 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Working Capital Loan | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Issuance of shares | 116,340 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash provided by / (used for) financing activities | 1,163,400 | - | (116,773) | (126,302) | (136,608) | (147,755) | (159,812) | (172,853) | (186,957) | - | - |
| *Investing activities* | | | | | | | | | | | |
| Capital expenditure | (319,400) | - | - | (323,440) | - | (25,526) | (374,423) | - | - | (433,441) | - |
| Cash (used for) / provided by investing activities | (319,400) | - | - | (323,440) | - | (25,526) | (374,423) | - | - | (433,441) | - |
| **NET CASH** | **257,000** | **387,895** | **438,902** | **181,921** | **584,028** | **645,427** | **392,559** | **873,046** | **990,169** | **884,285** | **2,961,620** |

**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے وزیراعظم یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 14.4۔ خام مال کا کھاتہ (RAW MATERIAL CALCULATION SHEET)

| Raw material costs | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Total cost of seeds** | **Year-1** | **Year-2** | **Year-3** | **Year-4** | **Year-5** | **Year-6** | **Year-7** | **Year-8** | **Year-9** | **Year-10** |
| Plastic Sheet (white) | 115,000 | 126,500 | 139,150 | 153,065 | 168,372 | 185,209 | 203,730 | 224,102 | 246,513 | 271,164 |
| Plastic Mulch | 14,400 | 15,840 | 17,424 | 19,166 | 21,083 | 23,191 | 25,510 | 28,062 | 30,868 | 33,954 |
| **Total** | **129,400** | **142,340** | **156,574** | **172,231** | **189,455** | **208,400** | **229,240** | **252,164** | **277,380** | **305,118** |
| | | | | | | | | | | |
| **Total cost of plants** | **Year-1** | **Year-2** | **Year-3** | **Year-4** | **Year-5** | **Year-6** | **Year-7** | **Year-8** | **Year-9** | **Year-10** |
| Tomato Plant | 70,000 | 77,000 | 84,700 | 93,170 | 102,487 | 112,736 | 124,009 | 136,410 | 150,051 | 165,056 |
| Sweet Pepper Plant | 64,000 | 70,400 | 77,440 | 85,184 | 93,702 | 103,073 | 113,380 | 124,718 | 137,190 | 150,909 |
| Cucumber Plant | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| **Total** | **134,000** | **147,400** | **162,140** | **178,354** | **196,189** | **215,808** | **237,389** | **261,128** | **287,241** | **315,965** |
| | | | | | | | | | | |
| **Total cost of fertilizer** | **Year-1** | **Year-2** | **Year-3** | **Year-4** | **Year-5** | **Year-6** | **Year-7** | **Year-8** | **Year-9** | **Year-10** |
| Calcium Amonium Nitrate | 9,600 | 10,560 | 11,616 | 12,778 | 14,055 | 15,461 | 17,007 | 18,708 | 20,578 | 22,636 |
| Nitrophos | 25,000 | 27,500 | 30,250 | 33,275 | 36,603 | 40,263 | 44,289 | 48,718 | 53,590 | 58,949 |
| DAP | 22,500 | 24,750 | 27,225 | 29,948 | 32,942 | 36,236 | 39,860 | 43,846 | 48,231 | 53,054 |
| SOP | 25,500 | 28,050 | 30,855 | 33,941 | 37,335 | 41,068 | 45,175 | 49,692 | 54,662 | 60,128 |
| **Total** | **82,600** | **90,860** | **99,946** | **109,941** | **120,935** | **133,028** | **146,331** | **160,964** | **177,060** | **194,766** |

| Packing Expense | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | **Year-1** | **Year-2** | **Year-3** | **Year-4** | **Year-5** | **Year-6** | **Year-7** | **Year-8** | **Year-9** | **Year-10** |
| Tomato | 84,000 | 88,200 | 92,610 | 97,241 | 102,103 | 107,208 | 112,568 | 118,196 | 124,106 | 130,312 |
| Sweet pepper | 28,800 | 30,240 | 31,752 | 33,340 | 35,007 | 36,757 | 38,595 | 40,524 | 42,551 | 44,678 |
| Cucumber | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| **Total Packing expense** | **112,800** | **118,440** | **124,362** | **130,580** | **137,109** | **143,965** | **151,163** | **158,721** | **166,657** | **174,990** |

## 4.5۔آمدن کا کھاتہ (REVENUE CALCULATION SHEET)

| Sales Revenue | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | **Year-1** | **Year-2** | **Year-3** | **Year-4** | **Year-5** | **Year-6** | **Year-7** | **Year-8** | **Year-9** | **Year-10** |
| **No. of Kgs per acre** | | | | | | | | | | |
| Tomato | 70,000 | 70,000 | 70,000 | 70,000 | 70,000 | 70,000 | 70,000 | 70,000 | 70,000 | 70,000 |
| Sweet pepper | 32,000 | 32,000 | 32,000 | 32,000 | 32,000 | 32,000 | 32,000 | 32,000 | 32,000 | 32,000 |
| Cucumber | 50,000 | 50,000 | 50,000 | 50,000 | 50,000 | 50,000 | 50,000 | 50,000 | 50,000 | 50,000 |
| **Total Production in Kgs (excl. wastege)** | | | | | | | | | | |
| Tomato | 63,000 | 63,000 | 63,000 | 63,000 | 63,000 | 63,000 | 63,000 | 63,000 | 63,000 | 63,000 |
| Sweet pepper | 28,800 | 28,800 | 28,800 | 28,800 | 28,800 | 28,800 | 28,800 | 28,800 | 28,800 | 28,800 |
| Cucumber | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| | **91,800** | **91,800** | **91,800** | **91,800** | **91,800** | **91,800** | **91,800** | **91,800** | **91,800** | **91,800** |
| **Sales Price per kg** | | | | | | | | | | |
| Tomato | 30.00 | 33.00 | 36.30 | 39.93 | 43.92 | 48.32 | 53.15 | 58.46 | 64.31 | 70.74 |
| Sweet pepper | 22.00 | 24.20 | 26.62 | 29.28 | 32.21 | 35.43 | 38.97 | 42.87 | 47.16 | 51.87 |
| Cucumber | 15.00 | 16.50 | 18.15 | 19.97 | 21.96 | 24.16 | 26.57 | 29.23 | 32.15 | 35.37 |
| **Sales Revenue** | | | | | | | | | | |
| Tomato | 1,890,000 | 2,079,000 | 2,286,900 | 2,515,590 | 2,767,149 | 3,043,864 | 3,348,250 | 3,683,075 | 4,051,383 | 4,456,521 |
| Sweet pepper | 633,600 | 696,960 | 766,656 | 843,322 | 927,654 | 1,020,419 | 1,122,461 | 1,234,707 | 1,358,178 | 1,493,996 |
| Cucumber | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Sale of empty bags of fertilizer | 280 | 308 | 339 | 373 | 410 | 451 | 496 | 546 | 600 | 660 |
| **Total sales Revenue** | **2,523,880** | **2,776,268** | **3,053,895** | **3,359,284** | **3,695,213** | **4,064,734** | **4,471,207** | **4,918,328** | **5,410,161** | **5,951,177** |

## 14.6۔ سودمند انتظامی تجاویز (USEFUL PROJECT MANAGEMENT TIPS)

**ٹیکنالوجی اور طریقے کار**

1۔ زرعی مصارف کے استعمال کا ریکارڈ رکھنے سے آپ بعد کی بہت سی تکالیف سے بچ سکتے ہیں۔

2۔ زرعی پیداوار کی کاشت اور برداشت کے دوران زرعی ماہر سے مسلسل رابطے میں رہیں اور اس کے دیئے ہوئے مشورے لکھ لیجئے۔

3۔ چنائی اور مال خانے کے انتظامات مارکیٹ کے مروجہ طریقہ کار سے سیکھئے اور اس کے لئے ماہرانہ رائے ضرور لیجئے۔

**منڈیوں تک رسائی اور تقسیم پیداوار**

1۔ تقسیم وفروخت کے ذرائع کیلئے ماہرین کی رائے لینا اور پیشہ وارانہ سروسز پر انحصار کریں۔

2۔ قیمت فروخت اور تجارتی قیمت کا تعین کرنے کیلئے تمام لاگت بشمول تخمینہ دیگر اخراجات جوڑ کر منافع کا ایک مناسب اندازہ رکھیے۔

## 14.7۔ کارآمد روابط (USEFUL LINKS)

☆......Prime Minister's Office, www.pmo.gov.pk

☆......Small and Medium Enterprises Development Authority, www.smeda.org.pk

☆......National Bank of Pakistan (NBP), www.nbp.com.pk

☆......First Women Bank Limited (FWBL), www.fwbl.com.pk

☆......Government of Pakistan, www.pakistan.gov.pk

☆......Ministry of Industries & Production, www.moip.gov.pk

☆......Government of Punjab, www.punjab.gov.pk

☆......Government of Sindh, www.sindh.gov.pk

☆......Government of Khyber Pakhtunkhwa, www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk

☆......Government of Balochistan, www.balochistan.gov.pk

☆......Government of Gilgit Baltistan, www.gilgitbaltistan.gov.pk

☆......Government of Azad Jammu Kashmir, www.ajk.gov.pk

☆......Trade Development Authority of Pakistan (TDAP), www.tdap.gov.pk

☆......Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), www.secp.gov.pk

☆......Federation of Pakistan Chambers of Commerce and Industry (FPCCI) www.fpcci.com.pk

☆......State Bank of Pakistan (SBP), www.sbp.org.pk

☆......Punjab Agriculture and Meat Company,www.pamco.bz

☆......Farmers Associates Pakistan, www.farmersassociates.com

☆......Punjab Agriculture Department, www.agripunjab.gov.pk

☆......Pakistan Agriculture and Dairy Farm Association, www.padfapak.org

☆......Sindh Chamber of Agriculture, www.sindhchamberofagriculture.com

## 15۔ کلیدی مفروضے (KEY ASSUMPTIONS)

جدول نمبر16: اخراجات کے مفروضے

| | | |
|---|---|---|
| پیداواری لاگت کی شرح میں اضافہ | 10فیصد | |
| عمل کار کے اخراجات کی شرح میں اضافہ | 5فیصد | |
| سبزی منڈی اخراجات | 5فیصد | آمدن پر |
| سفری اخراجات | 12,000روپے سالانہ | |
| مواصلاتی اخراجات | 12,000روپے سالانہ | |
| متفرق اخراجات | 6فیصد | انتظامی اخراجات پر |
| مشینری اور اوزاروں کی وقعت میں کمی | 10فیصد | مشینری اور آلات کی لاگت پر |
| ٹنل کے آلات ضرورت | 33فیصد | ٹنل اوزاروں کی لاگت پر |
| فرنیچر اور دیگر سامان | 10فیصد | فرنیچر وغیرہ کی لاگت پر |

جدول نمبر17: معاشی مفروضات

| | |
|---|---|
| افراط زر کی شرح میں اضافہ | 10فیصد |
| بجلی کے محصول کی شرح میں اضافہ | 10فیصد |
| پانی کے اخراجات کی شرح میں اضافہ | 2فیصد |
| مزدوری اخراجات کی شرح میں اضافہ | 10فیصد |

جدول نمبر18: گردش نقد (کیش فلو) کے مفروضے

| | |
|---|---|
| کارآمد دورانیہ | 7ماہ |
| واجب الوصول اُدھار | 15دن |
| خام مال سٹاک | 6ماہ |

جدول نمبر19: مالیاتی مفروضے

| | |
|---|---|
| منصوبہ کا دورانیہ | 10سال |
| بنک کا قرضہ | 90فیصد |
| ذاتی سرمایہ | 10فیصد |
| قرضے پر سالانہ شرح منافع | 8فیصد |
| قرضے کی مدت واپسی | 8سال |
| رعائتی مدت | 1سال |